**HOLY FAITH PRESENTATION SCHOOL**

RAWALPORA SRINAGAR KASHMIR

TERM- I ASSIGNMENT (Class: - 9th – Urdu)

## جماعت۔نویں

## اردو اے

## میقات۔اول

## سبق۔اردو کہاں پیدا ہوئی؟

نذیر احمد ملک کا نوٹ اور الفاظ معنی کتاب سے کاپی پر لکھ کر یاد کرنا۔

سوالات۔

سوال۔اردو اور کشمیری میں شامل چند مشترکہ الفاظ اپنی کاپی پر لکھیے۔

جواب۔اردو اور کشمیری میں شامل جو مشترکہ الفاظ بولے جاتے ہیں ان میں سے چند یہ ہیں۔

قلم۔ باغ۔ نور۔ مکان۔ دکان۔ قوم۔ زبان۔ مشکل۔ دور وغیرہ

سوال۔درج ذیل زبانیں کہاں بولی جاتی ہیں؟

کشمیری۔ڈوگری۔ملیالم۔کنڑ۔تامل۔پنجابی۔سندھی۔

جواب۔کشمیری زبان کشمیر کے علاوہ رام بند۔کشتواڑ۔دوڑہ۔راجوری میں بھی بولی جاتی ہیں۔

ڈوگری صوبہ جموں میں بولی جاتی ہے۔

ملیالم جنوبی ہندوستان خاص کر کیرلا میں بولی جاتی ہے۔

کنڈ زبان ریاست کرناٹک میں بولی جاتی ہے۔

ٹامل۔تامل ناڈو میں بولی جاتی ہے۔

پنجابی زبان ہندوستانی پنجاب اور پاکستانی پنجاب میں بولی جاتی ہے۔سندھی زبان سندھ میں بولی جاتی ہے۔

سوال۔۔ برصغیر ہندوپاک کو زبانوں کا عجائب گھر کیوں کہا گیا ہے؟

جواب۔ برصغیر ہندوپاک کو زبانوں کا عجائب گھر اس لئے کہا گیا ہے کیونکہ یہاں لاتعداد چھوٹی بڑی زبانیں بولی جاتی ہیں۔ جو زبانوں کے کئی خاندانوں سے تعلق رکھتی ہیں ان میں قدیم ترین زبانیں بھی ہیں اور جدید تیرین زبانیں بھی۔ان تمام زبانوں نے ایک ساتھ رہ کر بہت سی مشترکہ خصوصیات اپنائی ہیں۔

سوال۔اردو کہاں پیدا ہوئی عنوان کے تحت مقالے میں جن خیالات کا اظہار کیا ہے ان کو اپنے مختصر الفاظ میں تحریر کیجئے۔

جواب۔اردو کہاں پیدا ہوئی عنوان کے تحت بیشتر طنز نگاروں۔ نثر نگاروں۔ عالموں اور شاعروں کے خیالات و نظریات یوں ہیں۔

جعفر زٹلی جو ایک طنز نگار شاعر تھے کہتے ہیں کہ اورنگ زیب کے عہد میں اردو کو ہندی کہتے تھے۔

ملاوجہی جو دکن کے قطب شاہی دور کے ایک اہم شاعر اور اردو کے پہلے نثر نگار تھے کہتے ہیں کہ اردو زبان کو زبان ہندوستان کہتے تھے۔

امیر خسرو جو اردو کے پہلے شاعر تھے وہ بیان کرتے ہیں کیا اردو کو دہلوی کہا جاتا تھا۔

میر تقی میر نے اردو کو زبان اردوئے معلٰی کہاں ہے۔اردو کی ارتقاء کے بعد اسے ریختہ کہا گیا۔۔

اہل دکن نے اردو کو دکنی اور اہل گجرات نے اس کو گوجری یا بولی گجرات کہاں ہے۔

اردو کی جائے پیدائش کے بارے میں سب سے زیادہ عام اور قابل قبول نظریہ پروفیسر مسعود حسین نے اپنی کتاب مقدمہ تاریخ زبان اردو کے زیر پیش کیا۔ان کا یہ کہنا ہے کہ اردو دہلی اور اس کے گردونواح میں پیدا ہوئی۔

سوال۔۔اردو کہاں پیدا ہوئی کے زیر عنوان مضمون میں مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد تلاش کیجئے۔

تنزل۔آسان۔خاص۔قدیم۔ تعجیل۔دور۔پوشیدہ۔

جواب۔ارتقاءیافروخت۔ مشکل یاسخت۔عام۔جدید۔تاخیر۔نزدیک۔عیاں یاظاہر۔